نماز مترجم

نماز کا ترجمہ سیکھئے تاکہ آپ کی نماز کی کوالٹی بہتر ہو جائے۔ آپ
جو کہیں اُسے سمجھیں تاکہ آپ اللہ کا قرب حاصل کر سکیں

مرتبہ: ڈاکٹر محمد امین

تکبیر تحریمہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ''اللہ سب سے بڑا ہے۔''

ثناء سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ

اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ.

''اے اللہ! آپ پاک ہیں اور قابل تعریف ہیں۔ آپ کا نام بابرکت ہے۔ آپ کی شان بہت بلند ہے اور آپ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔''

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

''مَیں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی شیطان مردود سے۔''

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

''اللہ کے نام سے جو بہت رحم کرنے والا، ہمیشہ رحم کرنے والا ہے۔''

سورۃ الفاتحہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿1﴾

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿2﴾ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿3﴾

اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُؕ‏ ﴿4﴾ اِهۡدِنَا
الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَۙ‏ ﴿5﴾ صِرَاطَ الَّذِيۡنَ
اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ ۙ غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ
وَلَا الضَّآلِّيۡنَ‏ ﴿7﴾

''تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا ربّ ہے۔
بہت رحم کرنے والا، ہمیشہ رحم کرنے والا ہے۔ مالک ہے بدلے
کے دن کا۔ہم آپ ہی کی عبادت کرتے ہیں اور آپ ہی سے
مدد مانگتے ہیں۔ہمیں سیدھے راستے پر چلا، ان لوگوں کے راستے
پر جن پر آپ نے انعام کیا،جن پر آپ کا غضب نہیں ہوا اور نہ
وہ گمراہ ہوئے۔''

سورۃ الاخلاص

قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ‏ ﴿1﴾ اَللّٰهُ
الصَّمَدُ‏ ﴿2﴾ لَمۡ يَلِدۡ ۙ وَلَمۡ يُوۡلَدۡ ۙ‏ ﴿3﴾ وَلَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ
كُفُوًا اَحَدٌ‏ ﴿4﴾

”کہہ دیجیے، وہ اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ اس سے کوئی پیدا ہوا نہ وہ کسی سے پیدا کیا گیا اور نہ کوئی اس کے برابر کا ہے۔“

رکوع کی دعاء سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ

”میرا ربّ پاک ہے، بہت عظمت والا۔“

رکوع سے اٹھنے کی دعائیں سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ

”اللہ نے سن لیا (اس کی بات کو) جس نے اس کی تعریف کی۔“

رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ

”اے ہمارے ربّ! ہر قسم کی تعریف آپ ہی کے لیے ہے۔“

سجدے کی دعاء سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی

”میرا ربّ پاک ہے، بہت بلند۔“

تشہد اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ، اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ.

''(میری) تمام قولی، بدنی اور مالی عبادتیں صرف اللہ کے لیے ہیں۔ اے نبی! آپ پر اللہ کی رحمت، سلامتی اور برکتیں ہوں اور ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر بھی سلامتی ہو۔ مَیں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور مَیں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔''

درود شریف اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ، اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.

''اے اللہ! رحمت نازل فرما محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر اور آلِ محمد پر جیسے آپ نے رحمت نازل فرمائی ابراہیم (علیہ السلام) اور آل ابراہیم پر، یقیناً آپ قابل تعریف، بڑی شان والے ہیں۔ اے اللہ! برکت نازل فرما محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر اور آلِ محمد پر جیسے آپ نے برکت نازل فرمائی ابراہیم (علیہ السلام) اور آل ابراہیم پر، یقیناً آپ قابل تعریف، بڑی شان والے ہیں۔''

رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ
رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿40﴾ رَبَّنَا اغْفِرْلِيْ وَلِوَالِدَيَّ
وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿41﴾

''اے میرے ربّ! مجھے بنا دے نماز قائم کرنے والا اور میری اولاد کو بھی۔ اے میرے ربّ! میری دعاء کو قبول فرما۔ اے

میرے ربّ ! معاف فرمادینا مجھے، میرے ماں باپ کو اور تمام نیک لوگوں کو حساب والے دن۔''

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ دومرتبہ

''تم پر سلام ہو اور اللہ کی رحمت ہو۔''

نماز کے بعض مسنون اذکار

۱۔ سَمِعَ اللهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ، رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ کے بعد پڑھیے:

حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ

۲۔ دوسجدوں کے درمیان پڑھیے:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ

۳۔ سلام پھیرنے کے بعد پڑھیے:

اَللهُ اَكْبَرُ. اَسْتَغْفِرُ اللهَ تین مرتبہ

’تدریس القرآن‘

انتہائی آسان طریقے سے ترجمۂ قرآن سیکھیں

متن قرآن حکیم مع ترجمہ لفظی و بامحاورہ					قرآنی لفظ	اردو استعمال
الٓمّٓ ۚ ①	ذٰلِكَ	الْكِتٰبُ	لَا	رَيْبَ ۛ	الْكِتٰبُ	کتاب، کُتب، کاتب
الٓمّٓ	وہ	کتاب	نہیں	شک		
الٓمّٓ یہ وہ کتاب ہے نہیں کوئی شک						

متن قرآن حکیم مع ترجمہ لفظی و بامحاورہ			قرآنی لفظ	اردو استعمال
فِيهِ ۛ	هُدًى	لِّلْمُتَّقِينَ ②	هُدًى	ہدایت، ہادی، مہدی
اس میں	ہدایت ہے	لیے متقیوں کے	لِّلْمُتَّقِينَ	تقویٰ، متقی، متقین
اس میں ہدایت ہے متقیوں کے لیے				

نیز مشکل الفاظ کے معانی، مفہوم کا خلاصہ اور حاصل کردہ سبق

تفصیلات کے لیے

www.dramin.org

info@dramin.org
Prof. Dr. Muhammad Amin
Muhammad Amin
آئیں ترجمۂ قرآن سیکھیں

اگر آپ کو اس کی مزید کاپیاں درکار ہوں تو رابطہ فرمائیں